گمراہی کو ترک کرنے کا اعلان اور دعا

اے خدا باپ میں آپ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ سچائی کے خدا ہیں۔ آپ اپنا نور تاریک رات میں چمکاتے ہیں۔ آج سے میں تاریکی میں زندگی نہ گزارنے کا فیصلہ کرتا ہوں بلکہ تیرے نور میں چلوں گا۔

ازراہِ کرم میں نے جتنے جھوٹ بولے ہیں مجھے اُن کیلئے معاف فرما۔ میں نے درست کو نہیں بلکہ کئی دفعہ اپنے آرام کا خیال کیا جسے میں نے آسان پایا۔ اے خدا! تمام ناپاکی کے خلاف میرے ہونٹوں کی تقدیس فرما۔ مجھے ایسا دل عنایت فرما جو سچائی سن کر خوش ہو اور ایسی زبان عطا فرما جو دوسروں کو سچائی بتا سکے۔

مجھے دلیری کا روح عنایت فرما کہ میں سچائی میں سکون پا سکوں اور جھوٹ کو مسترد کروں۔

آج سے میں روزمرہ کی زندگی میں جھوٹ کے استعمال کو مسترد اور ترک کرتا ہوں۔

میں تمام اسلامی تعلیمات کو چھوڑتا ہوں جو جھوٹ کو جائز قرار دیتی ہیں جن میں تقیّہ بھی ہے۔

میں تمام جھوٹ اور فریب سے توبہ کرتا ہوں اور سچائی کی زندگی گزارنے کا فیصلہ کرتا ہوں۔

میں اقرار کرتا ہوں کہ خداوند یسوع ہی راہ اور حق اور زندگی ہیں۔ میں اِنکی سچائی کی پناہ میں رہنے کا فیصلہ کرتا ہوں۔

میں اقرار کرتا ہوں کہ میرا تحفظ آپ میں ہی ہے اور سچائی ہی مجھے آزاد کریگی۔

اے آسمانی باپ! مجھے سکھا کہ میں آپ کی سچائی کے نور میں چلوں۔ مجھے بولنے کیلئے الفاظ عطا فرما اور چلنے کیلئے ایسی راہ جو آپ کی سچائی پر مشتمل ہو۔

آمین۔